حکومت پاکستان

ریونیو ڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد

C.No. 2(1)Cond/I.Tax/2018/36092-R اسلام آباد، 15 مارچ، 2019

سر کلر نمبر 02 بابت 2019

(انکم ٹیکس)

موضوع: **ٹیکس سال 2018 کے لیے انکم ٹیکس گوشواروں / کیفیت ناموں کی فائلنگ (کے ادخال) کی تاریخ میں توسیع**

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001، کی دفعہ 214A کے تحت حاصل اختیارات بروئے کار لاتے ہوئے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو بلحاظ ذیل ٹیکس سال 2018 کے لیے گوشواروں / کیفیت ناموں کی فائلنگ (کے ادخال) کی تاریخ میں توسیع کرتا ہے:-

(1) کل انکم ٹیکس گوشواروں / حتمی ٹیکس کاری کیفیت ناموں جو 31 اگست، 2018 تک جمع کرائے جانے تھے اور جن کی تاریخ میں 15 دسمبر، 2018 تک توسیع کی گئی تھی کی فائلنگ (کے ادخال) کی تاریخ میں بذریعہ ہذا **31 مارچ، 2019** تک مزید توسیع کی جاتی ہے۔

(2) کمپنیوں، افراد اور اشخاص کی اسوسیایشن (انجمن) کے لیے کل انکم ٹیکس گوشواروں اور حتمی ٹیکس کاری کیفیت ناموں جو 30 ستمبر، 2018 تک جمع کرائے جانے تھے اور جن کی تاریخ میں 15 دسمبر، 2018 تک توسیع کی گئی تھی کی فائلنگ (کے ادخال) کی تاریخ میں بذریعہ ہذا **31 مارچ، 2019** تک مزید توسیع کی جاتی ہے۔

(3) کمپنیوں کے لیے کل انکم ٹیکس گوشواروں / حتمی ٹیکس کاری کیفیت ناموں جو 31 دسمبر، 2018 تک جمع کرائے جانے تھے کی فائلنگ (کے ادخال) کی تاریخ میں بذریعہ ہذا **31 مارچ، 2019** تک مزید توسیع کی جاتی ہے۔

دستخط شدہ

(خالد محمود)

سیکنڈ سیکریٹری، ایس ٹی ایم آئی آر

(آپریشنز)

فون: 051-9208742